27/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........وزیر اعظم نے پہلگام حملے کے قصور واروں کو منہ توڑ جواب دینے کا دُہرا یا عزم// من کی بات میں قوم سے کیاخطاب۔

*........قومی تحقیقاتی ایجنسی نے پہلگام حملے کی تحقیقات کے سلسلے میں ثبوت اور شواہد جمع کرنے کے کام میںلائی تیزی ۔

*........پہلگام حملے پر بحث کرنے کی غرض سے جموں کشمیراسمبلی کا خصوصی اجلاس کل//مہلوکین کیا جائیگا خراج ادا۔

اور

*........وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن لڑائی لڑنے کی ضرورت کی اجا گر // پہلگام واقعے کے خلاف عوامی رد عمل کو سراہا۔

وزیرا عظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کیلئے ذمہ دار عناصر اور اِس کی سازش رچنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پہلگام واقعے پر غم و غصہ کا اظہار کیا، جو اِس مہینے کی22 تاریخ کو پیش آیا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور جموں و کشمیر کے دشمنوں کو یہ راس نہیں آیا کہ کشمیر میں امن بحال ہورہا ہے، جمہوریت مضبوط ہورہی ہے اور سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہورہا ہے۔

انہوننے زور دے کر کہا کہ ملک کا اتحاد اور140 کروڑ بھارتی شہریوں کی یکجہتی، دہشت گردی کے خلاف، اِس لڑائی میں سب سے بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اتحاد دہشت گردی کے خلاف ملک کی فیصلہ کن لڑائی کی بنیاد ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس حملے کے بعد سے دنیا بھر سے تعزیت کے پیغامات لگاتار آرہے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ملک کی لڑائی میں پوری دنیا 140کروڑ بھارتی افراد کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں کو یقین دلایا کہ
ا

---

ن کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔±

انہوں نے کہاکہ بھارت ایک نوجوان ملک ہے جہاں آبادی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان انتہائی با صلاحیت ہینجو مختلف شعبوں میں اپنے ہنر کو بروئے کار لا کر قومی تعمیر میں ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

وزیر اعظم نے 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم کا بھی ذکر کیا اور پانچ جون کو منائے جانے والے عالمی یوم ماحولیات کے بارے میں کہا کہ اس دن ہر ایک کو کم از کم ایک پیڑ لگانا چاہئے۔

مودی نے دیگر کئی اہم موضوعات پر بھی بات کی ۔ انہوننے بھارت کے خلائی شعبے کی حصولیابیوں کو اہمیت کے ساتھ اجا گرکرتے ہوئے کہاکہ بھارت چاند کے جنوبی پر پہنچنے والا پہلا ملک بنا ہے۔

NIA

کو سونپ NIA وزارت داخلہ نے پہلگام حملے کی تحقیقات کا ذمہ قومی جانچ ایجنسی کی ٹیمیں بدھ NIAدیاہے اور اب ایجنسی نے ثبوت اور شواہد اکھٹا کرنے کا کام تیز کر دیا ہے۔ کے روز سے ہی حملے کی جگہ پر موجود ہیں۔

نے کہا ہے کہ دہشت گردی مخالف ایجنسی کے انسپکٹر جنرل ،ڈپٹی NIA ایک بیان میں اس کی نگرانی کر رہے ہیں او ر یہ ٹیمیں ان عینی شاہدین سے پوچھ تاچھ SP انسپکٹر جنرل اور کر رہی ہے جنہوں نے بائیسرن پہلگام میں یہ حملہ ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔

حملے کی ساز ش کو بے نقاب کرنے کیلئے فارنسک ماہرین اور دیگر ماہرین بھی کی معاونت کر رہے ہیں۔NIA

اسمبلی

پہلگام حملے پر تبادلہ خیال کرنے کی غرض سے کل جموں کشمیر اسمبلی کا خصوصی اجلاس طلب کیاگیا ہے، جس کی درخواست کابینہ نے کی تھی۔ اس حملے میں ایک مقامی نوجوان اور25سیاحوں کی ہلاکت ہوگئی ہے۔

اسمبلی کاخصوصی اجلاس لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے28اپریل کو طلب کیاہے ،جس کے بارے میں اسمبلی کے سیکریٹری کی طرف سے ایک باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔

اجلاس کے دوران پہلگام حملے کے مہلوکین کو خراج عقیدت پیش کیاجائے گا جس کے بعد اس سے جڑے کچھ اہم امور پر بحث کی جائے گی اور ایک مذمتی قرار داد پیش کی جائے گی۔باور کیا جاتا ہے کہ قرارداد پاس کرنے سے قبل اس معاملے پر قریب دو گھنٹے تک بحث و تمحیص کی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ پہلگام حملے کے بعد وقت آگیا ہے کہ دہشت گردی اور اس کے وجود کے خلاف ایک فیصلہ کن لڑائی لڑی جائے۔ انہوننے کہاہے کہ کشمیر وادی کے عوام کھل کر دہشت گردی اور معصوم لوگوں کے قاتلوں کے خلاف باہر نکل آئے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں عمر عبداللہ نے کہا کہ اس حمایت کو ایک مضبوط بنیاد کے طو رپر لیا جانا چاہئے اور ایسی کوئی بھی حرکت نہیں کی جانی چاہئے جس سے کہ لوگوں میں دوریاں بڑھیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قصور واروں کو بنا کسی رحم کے سزا دی جانی چاہئے البتہ ان کی جگہ معصوم لوگوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچائی جانی چاہئے ۔

رابطہ

دریں اثنا وزیر اعلیٰ کے رابطہ آفس سرینگرمیں ان طالب علموں کیلئے ایک ہیلپ لائن قائم کی گئی ہے جو جموں کشمیر سے باہر ملک کے دیگر حصوں میں زیر تعلیم ہیں۔

ہیلپ لائن کیلئے ٹول فری نمبر 1800-8900-166 ہے۔

اس دوران وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر کابینہ کے مختلف وزیر ملک کی مختلف ریاستوں کے دورے پرہیں۔نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ممبئی کا // جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے لکھنو کا // جبکہ تعلیم کی وزیرسکینہ ایتونے چندی گڑ ھ کا // اور سول سپلائیز کے وزیرستیش شرما نے دہرادون کا دورہ کیا۔

متعلقہ وزیروں نے وہاں کشمیری طلباءاور تاجروں کے علاوہ ان ریاستوں کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں۔

رویندر ینا

کے سینئر لیڈر رویندر ریناپہلگام حملے کو ایک انسانیت سوز حرکت قرار دیتے ہوئے BJP
کہاہے کہ معصوم شہریونکا قتل عام ایک انتہائی بڑا جرم ہے۔

وادی کے اپنے دورے کے دوران انہوننے کہاکہ سرکار حملہ آؤروں کے خلاف سخت کارروائی
عمل میں لائے گی۔

سیاح

پہلگام حملے کے باوجود کشمیر وادی میں ان دنوں مختلف سیاحتی مقامات پر
ملکی اور بین الاقوامی سطح کے سیاحوں کی ایک اچھی خاصی تعداد موجود ہے۔

یہ سیاح گلمرگ، سونہ مرگ ،ڈل جھیل اور دیگر خوبصورت مقامات کی سیر بلا جھجک کر رہے
ہیں اور اس میں مقامی لوگ ان سیاحوں کو اپنے عزیزمہمانوں کی طرح خاطر داری کر رہے ہیں۔

کشمیر کی انسان دوستی اور مہمان نوازی کے بارے میں چند سیاحوں کے تاثرات۔

............Tourists........

این سی

نیشنل کانفرنس کی طرف سے پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگرمیں صوبائی صدر شوکت احمدمیرکی
صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں پارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ
مصطفی کمال اور اقلیتی سیل کے جگدیش سنگھ آزاد بھی موجود تھے ۔

پارٹی لیڈران نے مرکزی سرکار سے پہلگام واقعے کی فوری تحقیقات کرانے کا مطالبہ کرتے
ہوئے کہاکہ جموں کشمیر کے عوام ہمیشہ امن و امان ، بھائی چارے اور یگانگت کے علمبردار
رہے ہیں۔

جموں کشمیر جمعیت ہمدانیہ کی طرف سے بھی ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں پہلگام سانحہ کی
شدید مذمت کی گئی ساتھ ہی ارباب اقتدار سے اپیل کی گئی کہ بے قصور لوگوں کوہراساں نہ
کیاجائے۔

دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ // نائب صدر عمر عبداللہ نے پارٹی کی حبہ کدل شمیمہ فردوس کی والدہ نسبتی کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار MLAسینئر لیڈر اور کیاہے۔

گرفتاری

بڈگام پولیس نے ضلع کے پکھر پورہ اور کار پورہ سے تعلق رکھنے والے دو ملی ٹینٹ اعانت کاروں کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا ہے۔

ان کے نام طاہر احمد کمار اور شبیراحمدگنائی بتائے گئے ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ٹیکہ کاری

دنیا بھر میں آج کل ٹیکہ کاری سے متعلق ضروری سرگرمیاں جاری ہیں۔ ٹیکہ کاری کا عالمی ہفتہ چوبیس اپریل کو شروع ہوا جو 30اپریل تک جاری رہے گا ۔

ہفتہ ٹیکہ کاری کی اہمیت اور اس کے تحت جاری سرگرمیوں کی نسبت سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرکے ڈیپارٹمنٹ کیمونٹی میڈسن کے سربراہ اور پروفیسر (ڈاکٹر ایس ایم سلیم خان ) نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

عرس

جنوبی ضلع اننت ناگ میں مشہور و معروف صوفی بزرگ حضرت بابا ہرد ریشی عرف ریش مول صاحب ؒکے سالانہ عرس کے سلسلے میں آج سے ایام متبرکہ کا آغا زہو گیا۔ عر س کی پانچ روزہ تقریبات یکم مئی تک جاری رہیں گی ۔

ہمار ے اننت ناگ کے نمائند ے نے خبردی ہے کہ بزرگ کے آستان عالیہ میں 29اپریل کو نماز عشاءسے اگلے روز نماز فجر تک شب بیداری کی جائےگی۔

احد زرگر

کی طرف سے نر ورہ سرینگرمیں آج WEEIاحد زرگرمیموریل ریسرچ فاؤنڈیشن اور وادی کے مشہور صوفی شاعر احد زرگر کی زندگی اور شاعرانہ خدمات سے متعلق ایک روزہ سمینار منعقد ہوا ، جس کی صدارت خورشید احمد زرگر نے کی ۔

سمینار میں سرینگرکے کئی نجی اسکولوں کے طالب علمونںے مقالے پیش کئے ۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے ٹیلی ویژن نشریات سے وابستہ شخصیت ڈاکٹر میر جاوید سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

عدولی

پاکستانی فوج کی طرف سے فائربندی معاہدے کی عدولی کا ایک اور معاملہ پیش آیا ہے۔فوجی ذرائع نے کہا ہے کہ پاکستانی فوجیونںے26اور27 اپریل کی درمیانی شب تُتماری گلی اور رامپور سیکٹروں میں بھارتی چوکیوں پر چھوٹے ہتھیاروں سے بلا اشتعال فائرنگ کی ، جس کا بھارتی جوانونںے بھی مناسب جواب دیا۔

اس طرح سے خطے میں سرحد پار سے لگاتار تیسری رات کو بلا اشتعال فائرنگ کا یہ واقعہ پیش آیا ہے۔

ایران

جنوبی ایران کے شاہد رجائی بند رگاہ میں ہوئے ایک بڑے دھماکے سے مرنے والونکی تعداد25تک بڑھ گئی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد 800 بتائی گئی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ دھماکہ ایک تیل ٹینکر کے پھٹنے سے ہوا ، البتہ سرکار نے کہاہے کہ دھماکے کی اصل وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے تحقیقات کی جا رہی ہے۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ آج ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بند رہی ۔ ٹریفک حکام کے مطابق آج شاہراہ پرتجدیدو مرمت کا کام ہوتا رہا۔

کل کے ٹریفک کے بارے میں الگ سے اعلان کیاجائے گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر45 اور غروب آفتاب شام7بجکر13منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ